
تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن برطانیہ کا ترجمان

ماہنامہ
جلد نمبر:09
شمارہ:03

انٹرنیٹ گزٹ
مارچ 2019ء

# المنار

زیر نگرانی: صدر تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن-یو.کے



**Taleem-Ul-Islam College Old Students Association - UK**
181, London Road, Mordan, SM4 5HF, London.
Ph. 020 8877 5510, 7886304637 - Fax: 020 8877 9987
ticosauk2017@gmail.com - www.alminaruk.com




## قال اللہ تعالیٰ

ترجمہ: یقیناً اللہ اُن لوگوں کے ساتھ ہے جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور جو احسان کرنے والے ہیں۔

(النحل:۱۲۹)

## قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم




ترجمہ: اللہ اُس انسان سے محبت کرتا ہے جو تقویٰ شعار، بے نیاز اور گوشہ نشینی اختیار کرنے والا ہو۔

(مسلم کتاب الزہد)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

حکمت اور دانائی کی بات تو مومن کی اپنی کھوئی ہوئی چیز ہوتی ہے، اسے چاہئے کہ جہاں بھی اسے پائے، لے لے کیونکہ وہی اس کا بہتر حقدار ہے۔

(از ترمذی بحوالہ چالیس جواہر پارے صفحہ 115)

## ملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام



- صحیح فراست اور حقیقی دانش..... کبھی نصیب نہیں ہوسکتی جب تک تقویٰ میسر نہ ہو۔ (ملفوظات جلد اوّل صفحہ ۶۶)
- حقیقی راحت اور لذت کا مدار تقویٰ پر ہے۔ (ملفوظات جلد اوّل صفحہ ۴۲۱)
- حقیقی مکرمت اور عظمت کا باعث فقط تقویٰ ہے۔ (ملفوظات جلد اوّل صفحہ ۳۷)

## ارشاد حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز




”نمازوں کے اوقات میں جیسا کہ خدا تعالیٰ کا حکم ہے پوری توجہ نمازوں کی طرف رکھو۔ تمہارے کام یا تمہارے دوسرے عذر تمہیں نمازیں پڑھنے سے نہ روکیں۔ کام کی خاطر نماز کو نہ چھوڑو بلکہ نماز کی خاطر کام کو چھوڑو، ورنہ یہ بھی ایک مخفی شرک ہے۔“

(از خطبہ جمعہ فرمودہ 29اپریل 2005)

# تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن برطانیہ کا سالانہ اجلاس

## منعقدہ 31 مارچ 2019ء بمقام طاہر ہال، بیت الفتوح لندن

(رپورٹ مرتبہ: شعبہ اشاعت تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن برطانیہ)



تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن برطانیہ کا سالانہ اجلاس مورخہ 31 مارچ طاہر ہال بیت الفتوح میں منعقد ہوا۔ طاہر ہال کو بہت خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ استقبالیہ پر ایسوسی ایشن کے سینئیر ارکان مکرم ڈاکٹر منور احمد صاحب اور مکرم عطاء القادر صاحب مہمانوں کو خوش آمدید کہنے کے لئے موجود تھے۔

نماز عصر کے بعد ایسوسی ایشن کی باسکٹ بال کی دو ٹیموں کے مابین ایک دلچسپ مقابلہ ہوا۔ تعلیم الاسلام کالج میں اپنے دور کے بہترین اور قومی سطح پر باسکٹ بال کھیلنے والے مرزا عبدالباسط صاحب، حافظ مسعود صاحب، مرزا حفیظ احمد صاحب اور خالد رشید صاحب نے بہت عمدہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ اسکے علاوہ عبدالقدیر کوکب صاحب اور فرید ڈوگر صاحب نے بھی عمدہ شارٹس کیں۔ کھیل دیکھنے والوں کا کہنا تھا کہ ایک مرتبہ پھر ربوہ میں ہونے والے یادگار مقابلوں کی یاد تازہ ہوگئی ہے۔

باسکٹ بال کے کھیل کے بعد باقاعدہ اجلاس کا آغاز مکرم و محترم امام عطاالمجیب راشد صاحب کی صدارت میں ہوا۔ ڈاکٹر عبدالباری ملک صاحب نے نظامت کے فرائض سرانجام دئے۔ ڈاکٹر طارق انور باجوہ صاحب نے تلاوت قرآن پاک سے تقریب کا آغاز کیا۔ ڈاکٹر عبدالباری ملک صاحب، بشیر احمد اختر صاحب، ڈاکٹر سر افتخار احمد ایاز صاحب اور امام عطاالمجیب راشد صاحب نے حاضرین سے مختصر طور پر خطاب کیا۔ اسکے بعد بیت بازی کا مقابلہ ہوا۔ دونوں ٹیمیں برابر رہیں۔

نماز مغرب کے بعد اجلاس کا دوسرا دور شروع ہوا۔ اس دور کی صدارت مکرم و محترم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت احمدیہ برطانیہ نے کی۔ تلاوت سید نصیر احمد صاحب جبکہ نظم عطا الاعلی صاحب نے پیش کی۔ مبارک صدیقی صاحب صدر تعلیم السلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن برطانیہ نے مختصر طور پر سالانہ رپورٹ پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم

بہت خوش قسمت ہیں کہ ہمیں قدم قدم پر امام وقت ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی پرشفقت راہ نمائی میسر ہے۔ ہم سب کو کوشش اور دعا کرنی چاہئے کہ ہم امام وقت کی توقعات پر پورا اترنے والوں میں سے ہوں۔ رپورٹ میں ساؤٹومے میں ایک پرائمری سکول کی تعمیر اور برکینا فاسو میں مسرور احمدیہ کالج کی تعمیر سے متعلق آگاہ کیا گیا۔

اسکے بعد تقریب تقسیم انعامات عمل میں آئی۔ مرزا رشید صاحب کو کھیلوں کے میدان میں، ظہیر جتوئی صاحب کو تقریبات منعقد کرنے کے سلسلے میں، اظہر منان صاحب کو مالی شعبہ میں اور رانا عبدالرزاق خان صاحب کو اشاعت کے شعبہ میں انعام دیا گیا۔ اسکے علاوہ بشیر احمد اختر صاحب، عبدالرافع صاحب، عبدالقدیر کوکب صاحب، عبدالباری ملک صاحب اور مبشر صدیقی صاحب کو بھی خصوصی تعاون پر انعامات دئے گئے۔

تقسیم انعامات کے بعد مکرم و محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ برطانیہ نے ایسوسی ایشن کے ممبران سے خطاب کرتے ہوئے ایسوسی ایشن کی کوششوں کو سراہا اور قیمتی نصائح سے نوازا۔ خطاب کے بعد محترم امیر صاحب نے اجتماعی دعا کروائی۔ اسکے بعد حاضرین کی خدمت میں عشائیہ پیش کیا گیا۔ حاضرین کی تعداد دوسو کے قریب تھی۔











# تعلیم الاسلام کالج اولڈ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن برطانیہ کے
# سالانہ اجلاس کی چند تصویری جھلکیاں

















سالانہ تقریب عشائیہ












سالانہ تقریب عشائیہ


TICOSA UK
TICOSA UK


Coca


لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ








سالانہ تقریب عشائیہ






T I C
Old Boys






T I C
OldBoys
13


13
6
8


T I C
Old Boys


13


6
13


6
13